RAMADAN SPECIAL

دعا ضرور فائدہ دیتی ہے

قرآن کے موتی

PEARLS OF THE QUR'AN

Dr. Farhat Hashmi

2

Taught by:

Dr Farhat Hashmi

Contributed by :

AL - HUDA

Regional Office Hayatabad Peshawar KP

البقرہ آیت 186

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ
فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ(البقرہ : ۱۸۶)

اور (اے پیغمبر) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں تو ان کو چاہیئے کہ میرے حکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ نیک رستہ پائیں

اس آیت سے پتا چلتا ہے کہ۔۔۔ !

اللہ ہی دعاؤں

کا سننے

والا ہے

اگر اپنی حقیقت پر غور کریں تو پتا
چلتا ہے کہ

انسان اپنی فطرت کے اعتبار سے کمزور ہے وہ کمزور پیدا کیا گیا ہے

خُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا

کمزور کو ہمیشہ سہارے کی ضرورت ہوتی ہے

لہذا ہمیں دینی اور دنیاوی جہاں بھی ضرورت ہو تو

اللہ سے بہتر سہارا کوئی نہیں

صرف اللہ کی طرف رجوع ۔۔۔ !

تاکہ ہمیں رہنمائی نصیب ہو

لعلهم يرشدون

ہم سب اللہ کے محتاج ہیں

يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ ۖ وَاللَّهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ

لوگو تم (سب) خدا کے محتاج ہو اور خدا بےپروا سزاوار (حمد وثنا) ہے

اللہ کے احکامات پر عمل کریں۔۔۔ !

جن چیزوں سے اللہ بچنے کا

حکم دیں ان سے بچیں

اللہ کی فرمانبرداری کریں

اللہ کے سامنے عاجزی کریں

دعا چاہے جو بھی ہو۔۔۔ !

چاہے وہ دعائے عبادت ہو

چاہے وہ دعائے سوال ہو

دعائے استخارہ ہو

اللہ کی شرائط پورا کرنے سے ۔۔۔ !

انسان حق کو پا لیتا ہے

اللہ اس کو نیک عمل کی توفیق دیتا ہے

اسکو راہیں دکھا دیتا ہے جن راہوں

سے اسکے مسائل حل ہو جاتے ہیں

لہذا انسان کو ہر حال میں۔۔۔۔ !

حضوری قلب کے ساتھ

رغبت کے ساتھ

عاجزی کے ساتھ

رھبت کے ساتھ اس سے آہ و ذاری کرنی چاہیے

دعا قبول کرنے کے اوقات۔۔۔۔ !

ہر نماز کے بعد دعا قبول ہوتی ہے قرات کے بعد

سجدے کی حالت میں دعا قبول ہوتی ہے

اللہ کا قرب کے ساتھ دعا کریں۔۔۔۔ !

اللہ کا قرب محسن بننے سے حاصل ہوتا ہے

إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ

نیکی کے کام کے بعد دعا کریں

ابو موسی اشعری کہتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں
نبی(ص) کے ساتھ تھے جب ہم کسی وادی میں اترتے تو
لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہتے تو ہماری آوازیں بلند ہو
جاتی تو نبی (ص) فرماتے اپنی جانو پر رحم کرو تم کسی
گونگے کو نہیں پکار رہے بےشک وہ سننے والا اور تم سے
بہت قریب ہے اسکا نام برکتوں والا ہے اور اسکی
عظمتیں بڑی ہیں

دعا مانگنے سے انسان نامراد نہیں ہوتا۔۔۔۔ !

زکریا علیہ السلام

نے رب سے کہا

وَلَمْ أَكُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا

خلوص سے کی گئی دعا جلد قبول ہوتی ہے--- !

نبی (ص) نے فرمایا جس نے

لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر

اپنے دل سے خالص ہو کر زبان سے اسکی تصدیق کرتے ہوئے کہا تو اسکے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں حتی کے زمین میں اللہ اسکے کہنے والے کی طرف دیکھتا ہے اور اسکا مطالبہ عطا کرتا ہے

اللہ ہر دن ایک نئی شان میں ہوتا ہے---- !

سورة الرحمن میں آتا ہے

يَسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ

اللہ دعاؤں کو قبول کرتا ہے۔۔۔۔ !

ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

مجھ سے دعا مانگو میں قبول فرماؤں گا۔

نوح علیہ السلام کی دعا قبول کی

وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ

اور ہم کو نوح نے پکارا سو

(دیکھ لو کہ) ہم (دعا کو کیسے) اچھے

قبول کرنے والے ہیں

یونس علیہ السلام کی دعا قبول ہوئی

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ ۙ وَ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ

پس ہم نے یونس کی دعا قبول فرمائی اور اسے غم سے نجات دی اور یونہی نجات دیں گے ایمان والوں کو

ایوب علیہ السلام کی دعا قبول ہوئی

وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ

اور ایوب کو (یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

یوسف علیہ السلام کی دعا قبول کی

فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ

إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيم

ابراهیم علیہ السلام کی دعا قبول ہوئی

ابن عباس کہتے ہیں

کہ کلمہ

حسبنا اللہ ونعم الوکیل

ابراهیم نے اس وقت کہا جب انکو آگ میں ڈالا گیا
تھا ان کے یہ کہنے پر آگ ٹھنڈی ہو گئی تھی

دعا کے متعلق

احادیث نبوی ﷺ------ !

نبی کریم

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

نے ارشاد فرمایا

دعا ہی عبادت ہے

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ بڑا رحیم

ہے اور بڑے کرم والا ہے اسکو اس بات

سے شرم آتی ہے کہ اسکا کوئی بندا اسکے

سامنے اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے اور وہ ان

میں کوئی خیر نہ ڈالے

جو اپنی حاجت اللہ کے سامنے رکھ دے اللہ اسے ضرور نوازتا ہے

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

نے ارشاد فرمایا جو مسلمان اپنا چہرہ اللہ کے سامنے گاڑھ کر کسی چیز کا سوال کرتا ہے اللہ اسے وہ چیز ضرور عطا فرماتا ہے خواہ جلدی عطا فرمائے یا اسکے لیے زخیرہ کر کے رکھ دے

حضور ﷺ نے فرمایا:

”اللہ تعالیٰ رات کے آخری تہائی حصہ میں آسمان سے دنیا کی طرف نزول کر کے فرماتا ہے کہ کون ہے جو مجھ سے مانگے اور میں اسے عطا کروں؟ کوئی ہے جو مجھ سے بخشش اور مغفرت طلب کرے کہ میں اسے بخش دوں؟“ (بخاری شریف)

اللہ اپنے مانگنے والوں

سے محبت کرتا

ہے---- !

سفیان ثوری کہا کرتے تھے

اے وہ ذات جس کو اپنے بندوں میں وہ انسان سب سے زیادہ محبوب ہے جو اس سے مانگے اے وہ ذات جس کو اپنے بندوں میں سے وہ انسان سب سے زیادہ نپسندیدہ ہے جو اس سے نا مانگے اے میرے رب یہ تو تو ہی ہے کہ جو مانگنے والے سے محبت کرتا ہے ورنہ مخلوق تو انکے مانگنے والوں سے نفرت کرتا ہے

ہر چیز اللہ سے

مانگیں ---- !

ابو ذر غفاری روایت کرتے ہیں کہ نبی (ص) اپنے رب سے روایت کرتے ہیں
کہ بے شک اللہ فرماتا ہے اے میرے بندوں تم سب گمراہ ہو سوائے اسکے
جسے میں ہدایت دوں پس تم مجھ سے ہدایت مانگو میں تمہیں ہدایت دوں گا
اے میرے بندو تم سب بھوکے ہو سوائے اسکے جسے میں کھلاؤں تو تم مجھ
سے مانگو اے میرے بندو تم سب برہنہ ہو سوائے اسکے جسے میں پہناؤں
پس تم مجھ سے مانگا کرو اے میرے بندو تم سب دن رات گناہ کرتے ہو
اور میں سارے گناہوں کو بخشتا ہوں تو تم مجھ سے بخشش مانگو میں
تمہیں بخش دوں گا اے میرے بندو اگر تمہارے اولین و آخرین اور جن و انس
ایک صاف چٹیل میدان میں مجھ سے کھڑے ہو کر مجھ سے مانگنے لگیں
اور میں ہر ایک کو جو کچھ مجھ سے مانگیں عطا کردوں تو پھر بھی میرے
خزانوں میں کوئی کمی نہیں ہوگی

دعا بہترین دوا ہے--- !

ابن القیم

فرماتے ہیں کہ دوا سے دعا زیادہ بہترین ہے یہ مصائب اور مشکلات کی دشمن ہے یہ تکلیف کو دور کرتی ہے اسکا علاج کرتی ہے دعا مومن کا ہتھیار ہے

عمر بن خطاب کہا کرتے تھے کہ میں اپنی
دعا کی قبولیت کے بارے میں پریشان
نہیں ہوتا بلکہ میں دعا کے بارے میں
پریشان ہوتا ہوں تو جب تمہارے دل
میں دعا مانگنے کا خیال پیدا ہو جاتا ہے
تو دعا کی قبولیت ساتھ ہی ہو جاتی ہے

دعا تکرار سے مانگا کریں ۔۔۔ !

ابو درداء کہا کرتے تھے کہ
دعا مانگنے میں زور لگاؤ

بندوں کی مایوسی پر رب مسکراتا ہے

نبی (ص) نے فرمایا

کہ ہمارا رب بندوں کی مایوسی پر ہنستا ہے
حالانکہ حالات کی تبدیلی قریب ہوتی ہے
رزین نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کیا
رب بھی ہنستا ہے آپ نے فرمایا ہاں

دعا قبول ہونے میں تاخیر۔۔۔۔ !

اللہ پاک سب کی دعائیں قبول فرماتا ہے مگر اس کا بدلہ کبھی فوراً تو کبھی تاخیر سے دیتا

یہ سب اس کی حکمت پر ہے

مگر بعض اوقات ہمارے کچھ اعمال

ایسے ہوتے ہیں جو ہماری دعاؤں کی قبولیت

میں رکاوٹ کا سبب بن جاتے ہیں

اللہ کی عظمت کو پہچانیں

دعا تقدیر کو بدل دیتی ہے

دعا گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے

دعا مانگنے

کے آداب۔۔۔۔ !

اللہ سے اس کا فضل مانگو۔۔۔۔ !

اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل کی دعا
مانگتے رہو یقینااللہ ہر چیزکا علم رکھتا
ہے

(النساء32)

اللہ کو اخلاص کے ساتھ پکارو

اپنے دین کو اس کے لیے خالص کر کے اسی
کو پکارو، تمہیں اللہ نے جیسے شروع میں پیدا
فرمایا اسی طرح تم دوبارہ پیدا کیے جاؤ گے

(الأعراف29)

چپکے چپکے اسی سے دعائیں مانگو

اپنے رب سے گڑگڑاتے ہوئے اورچپکے
چپکے دعا مانگو ،بے شک وہ حد سے
گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔
(الأعراف55)

اسے خوف ورجا کی حالت میں پکارو

اسی کو پکارو اُس سے ڈرتے ہوئے بھی اور
اس کی رحمت کی امید رکھتے ہوئے بھی، یقینا
اللہ کی رحمت نیکوکاروں کے قریب تر ہے۔

(الأعراف56)

اللہ کے خوبصورت ناموں سے پکارو

اسے اللہ کہہ کر پکارو یا رحمن

کہہ کر ، جس نام سے بھی پکارو تمام

اچھے نام اسی کے ہیں۔

(الإسراء110)

مجبور و بے نوا کی فریادیں اُس کے سوا کون سنتا ہے؟

"بے کس کی پکار کو جب وہ اس کو پکارے ، کون قبول کرکے سختی کو دور کردیتا ہے۔"

(النمل62)

روزی اللہ ہی سے طلب کرو

پس تم اللہ تعالیٰ ہی سے روزیاں طلب کرواور اسی کی عبادت کرو اور اسی کی شکر گزاری کرو۔

(العنکبوت17)

اللہ ہی سے فریادیں کرو چاہے کافروں کو برا لگے

تم اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کرکے
اسی کو پکارتے رہو چاہے کافربرا
مانیں۔

(غافر 14)

دعا عبادت ہے اور دعا سے گریز تکبر ہے

تمہارے رب نے فرمایا ہے :

مجھ سے دعائیں کرو ، میں تمہار ی دعاؤں کو قبول کروں گا،یقین مانو جو لوگ میری عبادت سے خود سری کرتے ہیں وہ جلد ہی ذلیل ہو کر جہنم میں پہنچ جائینگے۔

(غافر 60)

وہی زندہ و لاشریک ہے، اسی سے مانگو

وہ زندہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ، پس تم خاص اسی کی عبادت کرتے ہوئے اسے پکارو۔

کس کی دعا رد نہیں
ہوتی---- !

بے بس کی دعا رد نہیں ہوتی

انسان کی زندگی میں ایسے مواقع بھی آتے ہیں کہ وہ بالکل بے بس ہو جاتا ہے یہ وہ لمحہ ہوتا ہے جب اللہ کریم اس کی دعا کو قبول فرماتے ہیں

مریض کی دعا رد نہیں ہوتی

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا
مریض جب تک حالت مرض میں رہتا
ہے تو اس کی دعاء رد نہیں کی جاتی

مسافر کی دعا رد نہیں ہوتی

باپ کی دعا رد نہیں ہوتی

انصاف کرنے والے حاکم کی دعا رد نہیں ہوتی

ذکر کرنے والے کی دعا رد نہیں ہوتی

روزہ دار کی دعا رد نہیں ہوتی

مسلمان بھائی کے لئے عدم موجودگی میں دعا رد نہیں ہوتی

Taught by:

Dr Farhat Hashmi

Contributed by :

AL - HUDA

Regional Office Hayatabad Peshawar KP

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا

Our Lord! Accept (this service) from us.